بھگوان تیرا درس کا پیش کردہ

بھولا بھالا

ستارے

کرشن مرار ششی کلا ۔ سمتی بیاس

اور

بھگوان

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

بھاگم بھاگ کے گانے

گانا نمبر ۱

چھلکے چندا کا پیمانہ ۔ صبا لٹنے میں زمانہ ، آ جا بالما
یہی پیار کی رات ہے ۔ جھوم رہا ہے دل میرا کھل کے
پیار کی باتیں کریں ، دو دلیں ذرا مل کے
تو سنتا ہو ، میں کہوں ۔ چھلکے چندا کا پیمانہ ......
تیرے لئے میں پیار سے مہکوں ۔ راہ میں تیری پیا کھڑی بہکوں
موج میں تیری میں تو بہوں ۔ چھلکے چندا کا پیمانہ ....
چاند کے ساتھ ہے ایک ستارہ ۔ دے جا تو بھی سیاں ہم کو سہارا
میں بھی تیرے ساتھ رہوں ۔ چھلکے چندا کا پیمانہ ....

گانا نمبر ۲

تنشی :- ہمیں کوئی غم ہے ، تمہیں کوئی غم ہے
محبت کر ، ذرا نہیں ڈر ، کیسے کل کی خبر
کنور :- یہاں تو غم کا ساتھ ہے ، خوشی اک جھوٹی بات ہے ۔
تنشی :- اٹھا نظروں کو بے خبر ۔ عجب جلووں کی رات ہے
پہلی نظر میں ، دل میں جگر میں جلووں کا رنگ بھر دے
محبت کر ذرا نہیں ڈر .....
بھگوان :- ہنسی ہونٹوں پہ کھو گئی ، جوانی غم پہ رو گئی
ہمراہی :- بھلا کیوں دور جائے تو ، محبت میں ہے زندگی
پہلی نظر میں دل میں ....
محبت کر ذرا نہیں ڈر ...

کستوری:۔ ذرا کوئی ہمکو تھامنا ۔ چھلک جائے غم کا جام نا
شنشی:۔ غنیمت ہے یہ رات بھی، دِل سے دِل کا سامنا
پہلی نظر میں دِل میں.....
محبت کر ذرا نہیں ڈر.....
بھگوان:۔ کہیں کیا کیسی دوپہر ہے، خوشی کو دِل سے بیر ہے
سمرتی:۔ محبت کیا ہے بالما ۔ دلوں کا ہیر پھیر ہے
پہلی نظر میں.....
محبت کر ذرا نہیں ڈر.....

گانا نمبر ۳

یہ دُنیا فانی ہے، آنی جانی ہے۔ مہربانی کر۔ او دِلربا
یہ مانا موہنی ہے اندھی جوانی، مگر دِن کی ہے زندگانی
کئے جا سب کا بھلا، کسی کا دِل نہ دُکھا
کہ نہیں کل کا پتہ ، او دِلربا.....
دِل کہیے تو مِلا لو نگاہیں، پر تمنا کی روکو نہ راہیں
کئے جا سب کا بھلا کسی کا دِل نہ دُکھا
کہ نہیں کل کا پتہ ۔ او دلربا.....
ہم سے اُلفت نہیں ہے تو چھوڑ دو، پر حسینوں کا دِل تو نہ توڑ دو
کئے جا سب کا بھلا، کسی کا دِل نہ دُکھا
کہ نہیں کل کا پتہ ۔ او دِلربا.....

گانا نمبر ۴

لڑکی:۔ مسیحا بن کے بیماروں کو کس پر چھوڑے جاتے ہو
تسلی بھی دیئے جاتے ہو، دِل بھی توڑے جاتے ہو

چلے ہو کہاں، کر کے جی بے قرار، ارے سیّاں راجہ دِلیں سما کے

لڑکا: بلانے والی دیکھ لیا تیرا پیار، نکالا ہمیں گھر میں بلا کے

لڑکی: پیا، نا جا رے، میری قسم، میں تو مر جاؤں گی رے صنم

ارے سیّاں راجہ دِلیں سما کے ...

لڑکا: جھوٹی جھوٹی تو قسمیں نہ کھا، گوری جلنے دے دِل نہ دُکھا

نکالا ہمیں گھر میں بُلا کے ...

لڑکی: آ جا تجھ پہ لُٹا دوں یہ پیار، دیکھی بگیا، نظر کی بہار

ارے سیّاں راجہ دِلیں سما کے ...

لڑکا: اگر یہ سچ ہے تو راضی ہیں ہم، تو میری گوری ہے تیرا بلم

نکالا ہمیں گھر میں بلا کے ...

گانا نمبر ۵

اجی جانِ جگر تم چلے ہو کدھر، تیرے میرے پیار کا لمبا ہے سفر

رُت ہے دیوانی، میں ہوں دیوانہ، ظلم ہے بلما، ہو ترس ہی آنا

یہ ہے زمانہ میاں، نئی بہار کا۔ (نئی بہار کا لمبا ہے سفر

یاد کرو گی جو تیری نشانیاں، ڈس جائیگی چاندنی رتیاں

کیسے سہوں گی دکھ تیرے انتظار کا۔ تیرے انتظار کا لمبا ہے سفر

راہ میں ہم کو چھوڑ نہ جانا، اور کسی سے دِل نہ لگانا

لمبا سفر ہے یہ تیرے میرے پیار کا۔ تیرے میرے پیار کا لمبا ہے سفر

گانا نمبر ۶

نشو ور رہیے

دِل دیا دولت کو اے انسان تُو نے کیا کیا

بھول بیٹھا پیار کو، نادان تو نے کیا کیا

آنکھوں کو دیا رستہ پیسے کا نشہ رے

مت کر کسی دلدار پہ، جینے کا مزہ لے
دولت کی ہوس چھوڑ کہیں پیار میں کھو جا
اور جلووں کی برسات میں مستی کو ڈبو جا
پھر جھوم کے ساون کے مہینے کا مزہ لے
عاقل کبھی پیسے کے تو نزدیک نہ جانا
خنجر ہے یہ، خنجر کو گلے سے نہ لگانا
یہ زندگی دو دن کی ہے، جینے کا مزہ لے
دولت سے چلا پیاس بجھانے تو جگر کی
بہہ جا کہیں، رہ جا نہیں کسی مست نظر کی
پیاسا ہے تو اس موج سے پینے کا مزہ لے

گانا نمبر ۷

بھگوان:۔ درشن کب دوگے بولو نا ۔ منوہر سانوریا ۔
بھول ہوئی کیا ہم سے بھگوان کاہے دیو بسرائے
تمری لگن میں جیون ہمرا ۔ پگ پگ ٹھوکر کھائے
کب ہم سے ملوگے بولو نا ۔ منوہر سانوریا ۔
لڑکی: ساری دنیا چھوڑ کے آئی ۔ جوگن تمرے دوارے
ہمری بگڑی کب سدھرےگی ۔ جگ کے راج دلارے
کب میری سنوگے بولو نا ۔ منوہر سانوریا ۔

گانا نمبر ۸

سمرتی:۔ تیرے زیرِ نظر کا عالم، دل فسانہ ہوا
تیری میری محبت کا آج اک فسانہ ہوا
بھگوان:۔ نام سنتے ہی تیرا صنم، میں دیوانہ ہوا

تجھ کو دل میں بسائے اک زمانہ ہوا

سمرتی: ملنا تیری نظر سے نظر جو ملی، پھول بننے لگی میرے دل کی کلی
تم جو ہم سے ملے شکوے دل سے چلے۔ لب سے نکلی صدا
تیرے تیر نظر...

بھگوان: کچھ نہ اپنی خبر ہے نہ دل کا پتہ، تیری باتوں نے کیسا یہ جادو کیا
ڈال کر اک نظر، چھینا میرا جگر، تو نے او دلربا
نام سنتے ہی تیرا صنم...

سمرتی: مل گئے ہو تو پھر اب نہ ہونا جدا، میری سانسوں میں آ تیرے دل میں سما
کوئی ہم سے سنے، ہائے کیا چیز ہے، تیری ظالم ادا
تیرے تیر نظر...

بھگوان: سمجھتا ہوں تیرا جام الفت ہے
بھول بیٹھا زمانے کو تیرے لئے
بھولنا نا مجھے اب دیوانے کو ہے، اک تیرا آسرا
نام سنتے ہی تیرا صنم۔ میں دیوانہ ہوا

کنور / رسیعے
گانا نمبر ۸

بھگوان: چھوڑ چلے جھوٹی دنیا کو
نہیں رہا وہ جینے کا مزا۔ نیا خطا مجھے ملی سزا
یہ زندگی کی ریت ہے بھلی۔ کہ دوستی میں جان بھی چلی

کنور: چڑھ جا بیٹے سولی پہ تو رام جی بھلی کریں
وہ دل ہی کیا جو خوف سے بھرے۔ وہ مرد کیا جو موت سے ڈرے
کیسے ملی ہے زندگی سدا۔ جواں ہے تو شہید ہو کبھی جا

بھگوان: ہم تو یار دوستوں کے واسطے یونہی مرے

شہید ہم تو آج ہو چلے

کشور:۔ تو ہم بھی ستم سے ہاتھ دھو چلے

بھگوان:۔ ہمارے بعد باری ہے تیری

کشور:۔ ارے ہاں یہ تو بات ہے کھری

آگے آگے چل ذرا کہ ہم بھی پیچھے ہیں تیرے

رفیع و کشور

گانا نمبر ۱

ہے بابو یہ ہے زمانہ تیرا سے ہے بابو

گا لے تو خوشی کا راگ

دنیا ہے بھاگم بھاگ ۔ ہے بابو

نہیں ہے درد دانی ۔ غرض کی متوالی دنیا

پھر بھی دیکھو تو بابو پیار سے نہیں ہے خالی دنیا

سن پیارے، دل والے، متوالے۔ گالے تو خوشی کا راگ

دنیا ہے بھاگم بھاگ ۔ ہے بابو

نہیں کچھ مشکل اتنا لگا کے دل سن لے

تیرا گلزار ہے یہ تیری ہی بہار کلی چن لے

سن پیارے، دل والے، متوالے۔ گالے تو خوشی کا راگ

دنیا ہے بھاگم بھاگ ۔ ہے بابو

گا ہے تو چلے ہے، تیرے قدم تلے ہی تیری منزل

چھیڑ دے ترانہ، ہے یہ سارا ہی زمانہ تیری محفل

سن پیارے، دل والے، متوالے۔ گالے تو خوشی کا راگ

دنیا ہے بھاگم بھاگ ۔ ہے بابو

(ختم شد)